چارسدہ میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے ،الطاف حسین

بم دھماکے میں ہلاک وزخمی ہونے والے افراد سے اظہار ہمدردی

لندن۔۔۔17، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے چارسدہ کے علاقے شبقدر میں پیٹرول پمپ پر بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ چارسدہ میں بم دھماکہ کھلی دہشت گردی ہے اور جو عناصر بم دھماکوں کے ذریعے بے گناہ عوام کی جان ومال سے کھیل رہے ہیں وہ کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور وزیراعلیٰ سرحد امیر حیدر خان ہوتی سے مطالبہ کیا کہ شبقدر پیٹرول پمپ بم دھماکے میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے سخت سے سخت ترین سزادی جائے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید موثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے بم دھماکے میں ہلاک ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

بلدیاتی نظام کے مستقبل کا فیصلہ عوام کی خواہشات کے مطابق کیا جائے،ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔17، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ بلدیاتی نظام کے مستقبل کا فیصلہ عوام کی خواہشات کے مطابق کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام کے بارے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خیالات عوام کی خواہشات کی ترجمانی کرتے ہیں لہٰذا بلدیاتی نظام کے حوالے سے فیصلہ میں منتخب بلدیاتی نمائندوں اور عوام کے جذبات کا احترام کرنا حکومت کا فرض ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلدیاتی نظام کے بارے میں کسی بھی قسم کے فیصلہ میں منتخب بلدیاتی نمائندوں اور عوام کا مئوقف اہمیت رکھتا ہے اور اگر ان کے مئوقف کو سنے بغیر جو بھی فیصلہ آئے گا وہ ملک بھر کے منتخب ناظمین،کونسلروں اور عوام میں احساس محرومیوں کا سبب بنے گا۔ ارکان قومی اسمبلی کہا کہ بلدیاتی نظام کے بارے میں جو بھی فیصلہ کیا جائے اس میں منتخب بلدیاتی نمائندوں اور عوام کی ترجمانی بھی شامل کی جائے تاکہ اس نظام کے حوالے سے ہونے والے فیصلہ کے اثرات ملک بھر میں انتہائی مثبت انداز میں مرتب ہوں۔

خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کے تحت قصبہ علی گڑھ، گلستان جوہر اور محمود آباد میں طبی امدادی اور بلڈ کیمپوں کا قیام

جلد، آرتھوپیڈک، آنکھ، گائینی اور بچوں کے امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور ادویات مفت فراہم کیں

کراچی۔۔۔17، اگست 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن اور ایم کیوایم کے زیراہتمام شہر کے مختلف علاقوں میں جاری پندرہ روزہ طبی امدادی اور بلڈ کیمپوں کے انعقاد کی مہم کے سلسلے میں پیر کے روز قصبہ علی گڑھ، گلستان جوہر اور محمود آباد میں طبی امدادی اور بلڈ کیمپوں کا قیام کیا گیا۔ یہ طبی امدادی اور بلڈ کیمپس گلستان جوہر میں راشد گوٹھ، محمود آباد میں ستارہ بیکری اور قصبہ علی گڑھ میں اورنگی ٹاؤن نمبر 5 میں لگائے گئے تھے جن پر خواتین اور مرد ڈاکٹروں نے مریضوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور انہیں بھاری مالیت کی ادویات مفت فراہم کیں۔ طبی کیمپوں پر جلد، آرتھوپیڈک، آنکھ، گائینی اور بچوں کے امراض کے ماہر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے اپنی خدمات انجام دیں اس موقع پر کارکنان اور ہمدردوں کی ایک بڑی تعداد نے بلڈ کیمپوں پر پہنچ کر خون کے عطیات بھی دیئے۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن نیک محمد نے اورنگی ٹاؤن نمبر 5، رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، ڈاکٹر علی حسن اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی فیصل سبزواری نے گلستان جوہر راشد گوٹھ میں لگائے گئے طبی کیمپوں کا دورہ کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے طبی امدادی کیمپوں پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔ اس موقع پر طبی کیمپوں سے استفادہ کرنے والے خواتین، نوجوانوں اور بزرگوں نے طبی سہولیات کی مفت فراہمی پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

☆☆☆☆☆